**C**

**CCE PF**
**CCE PR**
**REVISED**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್,2019

**S. S. L. C. EXAMINATION, MARCH/APRIL, 2019**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 04. 04. 2019 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **66-U**

Date : 04. 04. 2019 ] **Code No. : 66-U**

ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

Subject : **Third Language - URDU**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ /New Syllabus )**

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Fresh& Private Repeater)**

[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100

[ Max. Marks : 100

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | **PART-A/حصہ-الف** | |
| | درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : | 12 × 1 = 12 |
| 1. | حضرت خواجہ بندہ نواز کا عرس کس طرح منایا جاتا ہے ؟ | |
| | جواب : تزک واحتشام سے | 1 |
| 2. | دھوبی کے ساتھ کیا حادثہ پیش آیا تھا ؟ | |
| | جواب : دھوبی کو مگرمچھ نے کھالیا تھا۔ | 1 |
| 3. | ماہرِ ریاضی دان کون تھا ؟ | |
| | جواب : عمر خیّام۔ | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .4 | کس سائنس دان نے سب سے پہلے روشنی کی رفتار کا نظریہ پیش کیا ؟ | |
| | جواب : شیخ حُسین عبداللہ بن علی سینا۔ | 1 |
| .5 | مصنف کے دوست نے خوش خبری سنانے کے لئے کس بات کا وعدہ لیا ؟ | |
| | جواب : اگر تم جاپان سے میرے لئے ایک بڑھیا ٹرانزسٹر لا سکو تو تمہیں ایک خوش خبری سنانی ہے۔ | 1 |
| .6 | والد کے انتقال کے وقت محمد علی جوہر کی عمر کیا تھی ؟ | |
| | جواب : سولہ سال | 1 |
| .7 | ڈراما ''خاکِ وطن اور خونِ شہیداں'' کے کسی ایک سفلی عناصر کا نام لکھئے۔ | |
| | جواب : غولِ بیابانی، چڑیل، خونِ آشام۔ ( کوئی ایک نام کافی ہے ) | 1 |
| .8 | انگریزی فوج ٹیپو سلطان کے قلعہ میں کس راہ سے داخل ہوتی ہے ؟ | |
| | جواب : قلعہ کی دیوار میں پڑی شگاف کی راہ سے۔ | 1 |
| .9 | شفیع الامم سے کون مراد ہیں ؟ | |
| | جواب : حضور اکرم ﷺ۔ | 1 |
| .10 | ہمارا مدعا کیا ہونا چاہئے ؟ | |
| | جواب : اپنے وطن کی شان و عظمت ہو۔ | 1 |
| .11 | علاؤالدین بہمنی نے کس عیسوی میں کلبرگی کو اپنی سلطنت کا پایۂ تخت بنایا ؟ | |
| | جواب : 1347ء میں | 1 |
| .12 | مائکرو الیکٹرانکس میں ''نانو اشیاء'' کی کیا اہمیت ہے ؟ | |
| | جواب : نانو اشیاء کے استعمال سے معلومات ذخیرہ کرنے کی صلاحیت ہزاروں گنا بڑھ جاتی ہے۔ | 1 |
| | درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : | 11 × 2 = 22 |
| .13 | ضلعِ کلبرگی کی اہم ندیاں کونسی ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | کرشنا | 1 |
| | بھیما | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ادویات سازی میں ''نانوٹکنالوجی'' کا کیا رول ہے ؟ | .14 |
| | جواب : | |
| | ادویات سازی میں بھی نانوٹکنالوجی کا اہم رول ہے۔ادویات کا انسانی جسم پر کیا اثر ہوتا ہے۔اس کا پتہ لگانا | |
| 1 | بعض اوقات خطرناک بھی ثابت ہوتا ہے۔ | |
| 1 | نانوٹکنالوجی کی مدد سے ہم نہایت کم مقدار میں متعین شدہ مقام پر ادویات کا اثر دیکھ سکتے ہیں۔ | |
| | سریم وشویشوریا کو میسور کے دیوان کا عہدہ کس نے اور کیوں پیش کیا ؟ | .15 |
| | جواب : | |
| 1 | جب ملک بھر میں سریم وشویشوریا کی ذہانت واستعداد کا چرچا ہو گیا تو۔ | |
| 1 | والئی میسور سری کرشناراج وڈیر نے آپ کو ریاستِ میسور کے دیوان کا عہدہ پیش کیا۔ | |
| | مولانا محمد علی جوہؔر نے کن کن مقامات پر ملازمت کی ؟ | .16 |
| | جواب : | |
| 1 | رام پور | |
| 1 | بڑودہ | |
| | ملانصیرالدین کو کس لئے اپنے گھر میں چھُپ کر بیٹھنا پڑا ؟ | .17 |
| | جواب : | |
| 1 | کیونکہ ملانصیرالدین کے دوست اس کی دعوت پر کھانے کے لئے گھر آ گئے تھے اور | |
| 1 | ملانصیرالدیؔن کے گھر میں اُنہیں کھلانے کے لئے کچھ بھی نہیں تھا۔ | |
| | سلیمان خطیؔب صاحب کے حلیہ کے متعلق دو، تین جملے لکھئے۔ | .18 |
| | جواب : | |
| | گندمی رنگ، دہرا جسم، داڑھی منڈھی ہوئی، مونچھ ہٹلری، ایک عرصہ تک لیڈی کٹ عینک کے شیشوں سے | |
| 1 | بڑی بڑی آنکھیں جھانکتی رہیں۔ | |
| | سر کے بال تفکرات کی نظر، رہے سہے بال ٹوپی کے کناروں پر جھالر کی شکل میں آویزاں، شکم تیزی سے قبہ | |
| 1 | بننے کی طرف مائل، قد میانہ، چال مستانہ اور وضع دلبرانہ۔ (نوٹ: جواب کے لئے دو جملے کافی ہیں) | |
| | ٹیپوسلطانؒ کے ساتھ غداری کرنے والوں میں کون کون شامل تھے ؟ | .19 |
| | جواب : | |
| 1 | میر غلام علی، میر صادق | |
| 1 | میر ندیم، پورنیا | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .20 | حضورِ اکرمؐ جب حرم پاک پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | حضورِ اکرمؐ جب حرمِ پاک پہنچے تو لوگوں نے | 1 |
| | وہ آئے محمدؐ، وہ آئے محمدؐ کی صدا لگا کر آپؐ کا استقبال کیا۔ | 1 |
| .21 | ہمیں جذبات کے دھارے میں کیوں نہیں بہنا چاہئے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ہمیں جذبات کے دھارے میں اس لئے بہنا نہیں چاہئے | 1 |
| | کیونکہ ہمیں اسی زمین پر جینا اور مرنا ہے۔ | 1 |
| .22 | عطاؔ کلیانوی کے نزدیک ماحول ناساز کیوں ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | عطاؔ کلیانوی کے نزدیک ماحول اس لئے ناساز ہے | 1 |
| | کیونکہ یہاں لوگ حق بات سننے کو تیار نہیں ہیں | 1 |
| .23 | سالِ کبیسہ (Leap year) سے کیا مراد ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | سال کے کل 365 دن ہوتے ہیں ہر چوتھے سال کے ایک سال کے ایک مہینے میں ایک دن زیادہ آتا ہے۔ | 1 |
| | جس سال کے 366 دن آتے ہیں اُس سال کو سالِ کبیسہ کہتے ہیں۔ | 1 |
| | درج ذیل سوالات کے جوابات **تین** یا **چار** جملوں میں لکھئے : | 8 × 3 = 24 |
| | بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت کیجئے : | |
| .24 | ’’اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔‘‘ | |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ ’’دھوبی نے مگرمچھ کو کھالیا‘‘ سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | اس کے مصنف کرشن چندر ہیں۔ | 1 |
| | یہ جملہ دوسرا کلرک، راموسے مخاطب ہوکر اُس وقت کہتا جب راموُ سے اپنا نام بتاتا ہے۔ | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .25 | ''جاپانیوں کی ہر چیز چھوٹی ہوتی ہے سوائے کردار کے۔'' | |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ ''جاپان چلو جاپان چلو'' سفرنامہ سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | اس کے مصنف مجتبیٰ حُسین ہیں۔ | 1 |
| | یہ جملہ مجتبیٰ حُسین نے اپنے سفرنامہ میں جاپانیوں کے قد اور اچھے کردار کی تعریف کرتے ہوئے لکھا ہے۔ | 1 |
| .26 | ''مجھے ملاقات کے بارے میں اُس وقت یاد آیا، جب میں نے اپنے دروازے پر آپ کا نام لکھا دیکھا۔'' | |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ ''ملا نصیر الدین کے قصے'' سبق سے ماخوذ ہے۔ | 1 |
| | ملا نصیر الدین کو گھر میں نہ پا کر اس کا دوست نے دروازے پر بے وقوف گدھا لکھ کر چلا جاتا ہے۔ | 1 |
| | جب دوسرے دن اس کی ملاقات ملا سے ہوتی ہے تو ملا نصیر الدین یہ جملہ اپنے دوست سے کہتا ہے۔ | 1 |
| | درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : | |
| .27 | سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے<br>کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں | |
| | جواب : | |
| | شاعر میر تقی میرؔ اپنے محبوب سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں کہ | 1 |
| | اے میرے محبوب میں ہمیشہ تیرے خیالوں میں کھو یا رہتا ہوں۔ | 1 |
| | کیا تم بھی کبھی مجھے یاد کرتے ہو۔ | 1 |
| .28 | ہماری طرف اب وہ کم دیکھتے ہیں<br>وہ نظریں نہیں جن کو ہم دیکھتے ہیں | |
| | جواب : | |
| | اس شعر میں داغؔ دہلوی فرماتے ہیں کہ | 1 |
| | میرا محبوب مجھے آج کل بہت کم دیکھتا ہے۔ | 1 |
| | جن نظروں سے مجھے دیکھا کرتا تھا آج وہ نظریں نہیں رہیں۔ یعنی پہلی سی محبت باقی نہیں رہی۔ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | یاروں کی محبت کا یقین کرلیا میں نے<br>پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا | .29 |
| | جواب : | |
| 1 | اس شعر میں ڈاکٹر بشیر بدؔر فرماتے ہیں کہ | |
| 1 | میں نے دوست نما دشمنوں کو پہچان نہیں سکا۔ | |
| 1 | میں اپنے یاروں کا یقین کرتا رہا اور وہ میرے پیٹھ پیچھے وار کرتے رہے۔ | |
| | کسی ایک نثر نگار کا تعارف لکھئے : | .30 |
| | (i) ڈاکٹر وحید انجمؔ (ii) وہاب عندلیب | |
| | جواب : | |
| | **(i) ڈاکٹر وحید انجمؔ :** | |
| 1 | پیدائش : 27 دسمبر 1954ء بمقام کلبرگی۔ | |
| | تعلیمی قابلیت : ایم-اے (سیاسیات) یم-اے (اُردو) پی ایچ-ڈی۔ | |
| 1 | ادبی مقام : بلند پایہ شاعر، ڈرامانویس، افسانہ نگار اور نقاد ہیں۔ | |
| | تصانیف : کڑی دھوپ کا سفر، زخموں کی زبان، منظر دھواں دھواں، | |
| 1 | جانے پہچانے۔ | |
| | **یا** | |
| | **(ii) وہاب عندلیب :** | |
| 1 | پورا نام : محمد عبدالوہاب | |
| | پیدائش : 25 دسمبر 1933ء گگن مڑی | |
| 1 | تعلیمی قابلیت : بی-اے، یل یل بی، فلسفہ کی ڈگری اور بی ایڈ۔ | |
| 1 | تصانیف : قامت و قیمت، تحقیق و تجزیہ، گفتار و کردار، تارِ نظر۔ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | کسی **ایک** شاعر کا تعارف لکھیے : | .31 |
| | (i) مرزا غالبؔ (ii) اکبرالہٰ آبادی | |
| | جواب : | |
| | (i) **مرزا غالبؔ :** | |
| 1 | اصلی نام : مرزا اسداللہ خاں | |
| | ولادت : 1797ء آگرہ | |
| 1 | ادبی مقام : اُردو کے مقبول شاعر، شاعری میں خاص طرز کے موجد، مزاج میں شوخی و ظرافت۔ | |
| 1 | اہم کتابیں : دیوانِ غالبؔ، کلیات فارسی، اُردوئے معلیٰ، عودِ ہندی۔ | |
| | **یا** | |
| | (ii) **اکبرالہٰ آبادی :** | |
| | نام : سید حُسین | |
| | تخلص : اکبر | |
| 1 | پیدائش : 1846ء، بارہ بنکی، الہٰ آباد | |
| | اہم نکات : شعروسخن کا فطری ذوق تھا، سارا کلام پند و نصیحت پر مشتمل ہے۔ | |
| 1 | رباعی کے مشہور شاعر۔ | |
| 1 | وفات : 1921ء۔ | |
| 2 × 4 = 8 | درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھیے : | |
| | حضرت عائشہؓ کی فیاضی و سخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجیے۔ | .32 |
| | **یا** | |
| | پروفیسر راہیؔ کی ادبی خدمات پر مختصر نوٹ لکھیے۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | حضرت عائشہؓ اس قدر غنی اور سخی تھیں کہ ایک مرتبہ ستر ہزار درہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کردئے۔ | |
| 1 | حضرت امیر معاویہؓ نے جب ایک لاکھ درہم حضرت عائشہؓ کی خدمت میں بھجوائے تو | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | شام تک انہوں نے پوری رقم غریبوں اور محتاجوں میں تقسیم کر دیں۔ | 1 |
| | اُس وقت حضرت عائشہؓ روزہ سے تھیں باوجود اس کے حضرت عائشہؓ نے افطار کی کچھ فکر نہ کی۔ | 1 |
| | **یا** | |
| | جواب : | |
| | راہیؔ قریشی ایک بے مثال استاد تھے۔ ان کا پڑھانے کا انداز بالکل منفرد اور اچھوتا تھا۔ | 1 |
| | وہ زبان وقلم کے شہسوار تھے۔ موصوف نے علم وادب کے خزینے چھوڑے ہیں۔ | 1 |
| | اُن کے شعری مجموعے صحرا کا سفر، دیدۂ بے خواب، ضمیرِ شب اور رباعیات کا مجموعہ چار سو، اُردو ادب میں قابلِ قدر اضافہ ہے۔ | 1 |
| | ان کی علمی وادبی خدمات قدر کی نگاہوں سے دیکھی جاتی رہیں گی۔ | 1 |
| 33. | درجِ ذیل کسی ایک نظم کے ابتدائی چار اشعار (8 مصرعے) اپنی یادداشت سے لکھیے : | |
| | (i) حمد (ii) نعت | |
| | جواب : | |
| | حمد: ساری دنیا کے مالک (الطاف حُسین حالیؔ) (ابتدائی چار اشعار) | |
| | اے ساری دنیا کے مالک     راجا اور پرجا کے مالک | 1 |
| | سب سے انوکھے سب سے نرالے     آنکھ سے اوجھل دِل کے اُجالے | 1 |
| | ناؤ جگت کی کھینے والے     دکھ میں سہارا دینے والے | 1 |
| | جوت ہے تیری جَل اور تھَل میں     بَاس ہے تیری پھول اور پھل میں | 1 |
| | **یا** | |
| | نعت : وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ (مولانا ابوالبیان حمادؔ) (ابتدائی چار اشعار) | |
| | ثنائے خدا ہے، ثنائے محمدؐ     رضائے الٰہی، رضائے محمدؐ | 1 |
| | حرم میں جو پہنچے تو گونجی صدا یوں     وہ آئے محمدؐ، وہ آئے محمدؐ | 1 |
| | شفیع الامم، رحمتِ ہر دو عالم     نہیں اور کوئی سوائے محمدؐ | 1 |
| | نگاہوں میں جچتا نہیں اور کوئی     مرے دل میں جب سے سمائے محمدؐ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **PART-B/حصّہ - ب** | |
| 15 × 1 = 15 | درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھئے : | |
| | وہ نظم جس میں حضور اکرمؐ کی تعریف و توصیف بیان کی جاتی ہے۔ | 34. |
| | A) نعت B) غزل | |
| | C) رباعی D) قصیدہ | |
| 1 | جواب : (A) نعت | |
| | واحد، جمع کے اعتبار سے غیر متعلق لفظ علیحدہ کیجئے۔ | 35. |
| | A) ایجادات B) تعمیرات | |
| | C) اوقات D) ملک | |
| 1 | جواب : (D) ملک | |
| | مایوس ہونا، کے معنی دینے والا محاورہ اِن میں سے یہ ہے۔ | 36. |
| | A) پارہ چڑھنا B) دل بجھ جانا | |
| | C) آنکھیں چمک اٹھنا D) ہاتھ صاف کرنا | |
| 1 | جواب : (B) دل بجھ جانا | |
| | غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے۔ | 37. |
| | A) مقطع B) تخلص | |
| | C) مطلع D) بیت الغزل | |
| 1 | جواب : (C) مطلع | |
| | معنی کے اعتبار سے غیر متعلق لفظ الگ کرو۔ | 38. |
| | A) ملول B) غمگین | |
| | C) رنجیدہ D) سعادت مند | |
| 1 | جواب : (D) سعادت مند | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل میں سابقہ لفظ کی نشاندہی کیجئے۔ | .39 |
| | A) یادگار B) بےحد | |
| | C) دردمند D) اُردودان | |
| 1 | جواب : (B) بےحد | |
| | چار مصرعوں پر مشتمل نظم کہلاتی ہے۔ | .40 |
| | A) رباعی B) حمد | |
| | C) نعت D) غزل | |
| 1 | جواب : (A) رباعی | |
| | ''خاکِ وطن اور خونِ شہیداں'' کا تعلق اس صنفِ ادب سے ہے۔ | .41 |
| | A) خاکہ B) ڈراما | |
| | C) مضمون D) مزاح | |
| 1 | جواب : (B) ڈراما | |
| | مضمون کا آخری حصہ کہلاتا ہے۔ | .42 |
| | A) تمہید B) نفسِ مضمون | |
| | C) اختتام D) آغاز | |
| 1 | جواب : (C) اختتام | |
| | والدین اور رشتہ داروں کو لکھے جانے والا خط۔ | .43 |
| | A) نجی خط B) دفتری خط | |
| | C) سرکاری خط D) کاروباری خط | |
| 1 | جواب : (A) نجی خط | |
| | کلمہ کی دو قسمیں ہیں ایک مستقل کلمہ اور دوسرا۔ | .44 |
| | A) نامستقل کلمہ B) بے مستقل کلمہ | |
| | C) لامستقل کلمہ D) غیر مستقل کلمہ | |
| 1 | جواب : (D) غیر مستقل کلمہ | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .45 | لفظ ''قدیم'' کی ضد۔ | |
| | A) جدید B) اعلیٰ | |
| | C) مشکل D) زیادہ | |
| | جواب : (A) جدید | 1 |
| .46 | اِن میں سے یہ حروفِ ربط نہیں ہے۔ | |
| | A) کا B) کے | |
| | C) اِسم D) کو | |
| | جواب : (C) اسم | 1 |
| .47 | لفظ ''قبر'' کی معنی لحد یا مزار کے ہیں تو ''خبر'' کے معنی ہیں۔ | |
| | A) انجام B) اطلاع | |
| | C) ابتداء D) پوشیدہ | |
| | جواب : (B) اطلاع | 1 |
| .48 | الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے کوئی معنی ، مطلب نکلتا ہو، کہلاتا ہے۔ | |
| | A) جملہ B) حروف | |
| | C) لفظ D) کلمہ | |
| | جواب : (A) جملہ | 1 |
| | درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : | 2 × 2 = 4 |
| .49 | مفرد جملے کی تعریف اپنے الفاظ میں لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | وہ جملہ جس میں صرف ایک مبتدا اور ایک خبر ہو۔ | 1 |
| | جیسے ''فردوس گا رہی ہے۔'' | 1 |
| .50 | خاکہ نگاری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | کسی شخص/ انسان کی شخصیت اور اس کی زندگی کے حالات و واقعات کو اس انداز میں پیش کرنا کہ اس انسان کی جیتی جاگتی تصویر اُبھر کر سامنے آجائے۔ | 1 |
| | ادب میں اس فن کو خاکہ نگاری یا مرقع نگاری کہتے ہیں۔ | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| | **PART-C/حصّہ-ج** | |
| .51 | درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو میں ترجمہ کیجئے : | 3 × 1 = 3 |
| | (i Akbar is my friend. | |
| | (ii He is very clever. | |
| | (iii His favourite game is cricket. | |
| | **جواب :** | |
| | (i) اکبر میرا دوست ہے۔ | 1 |
| | (ii) وہ بہت چالاک ہے۔ | 1 |
| | (iii) اُس کا پسندیدہ کھیل کرکٹ ہے۔ | 1 |
| .52 | والد محترم کے نام ایک خط لکھ کر اپنی پڑھائی کے متعلق جانکاری دیجئے۔ | 1 × 4 = 4 |
| | **یا** | |
| | اپنے کلاس ٹیچر کے نام ایک خط تحریر کیجئے جس میں کوئی مناسب وجہ بتلا کر دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔ | |
| | **جواب :** | |
| | **والد کے نام خط :** | |
| | (i از مقام : | 1 |
| | (ii تاریخ : | |
| | (iii آداب والقاب : والد صاحب قبلہ آداب | 1 |
| | (iv مضمون خط : اپنے والد محترم کو اپنی پڑھائی کے متعلق جانکاری دینا۔ | 1 |
| | (v اختتام : فرماں بردار بیٹا/بیٹی | 1 |
| | (vi مکتوب الیہ کا نام و پتہ : | |
| | **یا** | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **کلاس ٹیچر کے نام خط :** | |
| 1 | i) منجانب/ نام : XYZ | |
| | ii) بخدمت : کلاس ٹیچر صاحب | |
| 1 | iii) عرض مدعا/ موضوع : دو دن کی چھٹی کے لئے درخواست | |
| 1 | iv) مضمونِ خط : مناسب وجہ بتا کر چھٹی طلب کرنا۔ | |
| 1 | v) اختتام : آپ کا/ کی فرماں بردار شاگرد/ شاگردہ | |
| | vi) مقام/ تاریخ : | |
| 1 × 4 = 4 | کسی ایک عنوان پر مضمون : | .53 |
| | (i) تعلیم کی اہمیت | |
| | (ii) ہمارا ملک | |
| | (iii) میرا پسندیدہ کھیل | |
| | جواب : | |
| | (i) **تعلیم کی اہمیت :** | |
| 1 | (a) تمہید – حدیث پاک، کسی قول یا کہاوت سے آغاز | |
| | (b) نفس مضمون – (i) انسانی زندگی میں علم کی اہمیت | |
| 1 + 1 | (ii) جاہل اور عالم میں فرق | |
| | (iii) تعلیم کے فوائد اور جہالت کے نقصانات | |
| 1 | (c) اختتام – اپنے خیالات کا اظہار۔ | |
| | **یا** | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) ہمارا ملک : | |
| 1 | (a) تمہید - ہمارے ملک کا نام، ملک سے محبت کا اظہار | |
| 2 | (b) نفس مضمون - ملک کا جائے وقوع، آب وہوا، تاریخی مقامات، تہذیب وتمدن، لوگوں کا پیشہ، اہم تہواریں وغیرہ | |
| 1 | (c) اختتام/ خاتمہ - اپنی ذاتی رائے۔ | |
| | (iii) **میرا پسندیدہ کھیل :** | |
| 1 | (a) تمہید - پسندیدہ کھیل کا نام، پسند کرنے کی وجہ۔ | |
| 1 + 1 | (b) نفس مضمون - انسانی زندگی میں کھیلوں کی اہمیت<br>اپنے پسند کے کھیل سے متعلق جانکاری<br>کھیل کے قواعد وضوابط۔ | |
| 1 | (c) اختتام/ خاتمہ - اپنی ذاتی رائے۔ | |
| 4 × 1 = 4 | درج ذیل عبارت کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : | |
| | پھول ہماری زندگی کا اٹوٹ حصہ ہیں۔ ہندوستانی تہذیب میں پھول کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ پھول کے بغیر شادی بیاہ کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ جلسے اور دیگر خوشی کی تقریبات کے موقعوں پر پھولوں کی سجاوٹ میں لوگ لاکھوں روپیئے خرچ کر دیتے ہیں۔ پھول کو امن، دوستی اور پیار کی نشانی مانا جاتا ہے۔ اس لئے بیرونی ملکوں سے آنے والے مہمانوں کا استقبال پھولوں سے کیا جاتا ہے۔ پھول خوشبو والے بھی ہوتے ہیں اور بغیر خوشبو والے بھی۔ مگر ان دونوں کا استعمال کہیں نہ کہیں ہماری زندگی میں ضرور ہوتا ہے۔ خوشبو والے پھولوں میں گلاب بہت مشہور ہے۔ گلاب کو پھولوں کا راجا کہا جاتا ہے۔ | 54. |
| | سوالات : | |
| | (i) کس ملک کی تہذیب میں پھولوں کو بڑی اہمیت حاصل ہے ؟ | |
| | (ii) کن موقعوں پر پھولوں کی سجاوٹ میں لوگ لاکھوں روپیئے خرچ کر دیتے ہیں ؟ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (iii) پھول کو کس کی نشانی مانا جاتا ہے ؟ | |
| | (iv) پھولوں کا راجا کسے کہا جاتا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | i) ہندوستانی تہذیب میں۔ | |
| 1 | ii) جلسے اور دیگر خوشی کے تقریبات کے موقعوں پر۔ | |
| 1 | iii) امن، دوستی اور پیار کی نشانی | |
| 1 | iv) گلاب کو پھولوں کا راجا کہا جاتا ہے۔ | |